سوال

(221) نفاس والی عورت اگر چالیس دن پورے ہونے سے پہلے پاک ہوجائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نفاس والی عورت اگر چالیس دن پورے ہونے سے پہلے ہی پاک ہوجائے اور روزے رکھے تو کیا اس کے یہ روزے صحیح ہوں گے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس خاتون کے روزے بالکل صحیح اور درست ہیں۔ کیونکہ جب پاکیزگی حاصل ہوگئی خواہ چالیس دنوں سے پہلے ہو تو یہ پاک عورتوں میں شمار ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 219

محدث فتویٰ